Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۵ جمادی الثانی ۱۳۵۳ھ مطابق ۱۵ ستمبر ۱۹۳۴ء [illegible]

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱ ۲	معافی تصور محمد علیخاں مع عطائے جائداد ضبط شدہ اختیارات تصدیق مختارنامہ و وکالت نامہ بہ چیف ریڈر ہائی کورٹ	۲ و ۳ ۳	۳	اجرائے پنشن رانہ بہادر سنگھ وغیرہ	۴

آرڈران کونسل ریاست رامپور

۱ ۲	تصحیح ترتیب منظور شدہ صیغہ جات ریاست منظوری الاؤنس حامد میاں کمپونڈر	۵ ۶	۳	نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریذیڈنٹ بہادر کونسل۔	۲ ۶

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار:- راقم ۲۰ اگست ۱۹۳۲ء

محمد علی خاں ولد اکبر علیخاں ۵ جون ۱۹۳۲ء کو بلا اجازت ریاست سے باہر چلے گئے۔ اور اپنے ضمانت نامہ مورخہ ۲۵ مئی ۱۹۳۱ء کی خلاف ورزی کی۔

اس خلاف ورزی کی پاداش میں ضمانت جائداد کی قیمتی عہ ... (پچاس ہزار روپیہ) کی بحکم اجلاس ہمایوں مجریہ ۵ اگست ۱۹۳۲ء کارروائی ضبطی فرمائی گئی تھی۔

اب باوقات مختلف چند عرائض باستدعا معافی پیش ہوئیں۔ محمود علیخاں (ولد محمد علیخاں) نے ضمانت نامہ داخل کرکے استدعا کی ہے کہ محمد علیخاں ایک سال کی مدت تک بلا اجازت خاص گورنمنٹ رامپور حدود ریاست کے اندر داخل نہ ہوں گے۔ اور نہ کسی ایسی تحریک میں کبھی کوئی حصہ لینگے۔ جو رئیس یا حکومت رامپور کے حقوق اور منشا کے خلاف ہو اگر محمد علیخاں اسکی خلاف ورزی کریں تو حکومت ریاست کو اختیار ہوگا۔ کہ مبلغ عہ (دو ہزار پانسو روپیہ) از ضمانت جائداد مکفولہ سے وصول کرلے۔ محمد علیخاں نے خود بھی ایک اقرار نامہ بطور مچلکہ تعدادی عہ (دو ہزار پانسو روپیہ) اسی مضمون کا پیش کیا ہے۔

لہذا بدولت واقبال از راہ ترحم و رعایا نوازی جائداد منضبطہ بحکم ۵ اگست ۱۹۳۲ء بموجب فہرست منسلکہ متعلق محمد علیخاں وصابر علیخاں وغیرہ واگذاشت فرماتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے کارروائی صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل کے پاس مرسلہ۔ ایک نقل برائے گزٹ ہو۔

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل ... بعد اجرائے احکام اصل کاغذات دارالانشاء کو واپس ...

۲ ستمبر ۱۹۳۲ء — دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

تفصیل جائداد مکفولہ ومقبوضہ محمد علیخاں ولد اکبر علیخاں ...

حدود اربعہ مکان مسکونہ واقع محلہ اہل جھوے والی محدودہ ذیل	حدود اربعہ مکان مسکونہ واقع محلہ ... جھوے والی محدودہ ذیل
شرقی: مکان غلام شاہ پنجابی ومکان حبیب میاں	شرقی: مکان غلام شاہ پنجابی
غربی: کوچہ غیر نافذہ	غربی: کوچہ غیر نافذہ
جنوبی: مکان سید لائق شاہ عرف چھوٹے میاں	جنوبی: مکان مسکونہ مذکور
شمالی: مکان مملوکہ محمد علیخاں مذکور	شمالی: مکان اسمٰعیل ...
حدود اربعہ مکان اسمٰعیل واقع محلہ اہل جھوے والی محدودہ ذیل	حدود اربعہ مکان ... واقع محلہ ... محدودہ ذیل
شرقی: کوچہ غیر نافذہ	شرقی: مسجد ومکان ورثان ڈنڈا میاں
غربی: مکان مسکونہ نمبر ۱	غربی: مکان ورثان مرحسین خاں ومکان ...
جنوبی: قبرستان	
شمالی: راستہ	
مکان واقع اہل جھوے والی محدودہ ذیل	حدود اربعہ قطعہ مکان واقع محلہ ... محدودہ ذیل
شرقی: راستہ	شرقی: مکان شیخ ... وغیرہ
غربی: راستہ	غربی: سڑک سرکاری
جنوبی: راستہ	جنوبی: حمام مملوکہ مقر
شمالی: ...	

محدود داربعہ حمام واقع محلہ اہلی جو لے والی محدودہ ذیل

شرقی: مکان زوجہ محمد حسن خاں
غربی: سڑک سرکاری
جنوبی: سرائے گاذران
شمالی: مکان حمام

محدود داربعہ سرائے گاذران واقع محلہ اہلی جو لے والی محدودہ ذیل

شرقی: مکان زوجہ محمد حسن خاں
غربی: سڑک سرکاری
جنوبی: راستہ
شمالی: حمام مذکور

محدود داربعہ مکان واقع محلہ شتر خانہ کہنہ محدودہ ذیل

شرقی: آراضی افتادہ لین سواران والی
غربی: راستہ
جنوبی: مکان وارثان نظیر پنجابی
شمالی: مکان امداد خاں

محدود داربعہ چار قطعہ دوکانات معہ نشستگاہ و بالاخانہ واقع محلہ پنجابیان محدودہ ذیل:۔

شرقی: قبرستان
غربی: راستہ
جنوبی: دکانات حاجی ابراہیم پنجابی
شمالی: سڑک سرکاری

حقیت زمینداری تعدادی دس بسوہ موضع جالپ نگلہ علاقہ جدید تحصیل ملک پٹی موسومہ جوالا پرشاد رنگ سیز خریدہ و ثبت

مبلغ عہ/ (بیس ہزار روپیہ) ذریعہ بیعنامہ مع الوفاء مصدقہ ۲۰ جولائی ۱۹۲۶ء مندرجہ رجسٹر ۱ جلد اول صفحہ ۱۸۱ تا ۱۸۲

(۲) محدود داربعہ موضع اٹن گیڑہ علاقہ جدید تحصیل ملک جس میں پندرہ بسوہ کے مالک مقران ہیں۔

شرقی: موضع دوندی ہیں پورہ تحصیل بہیر
غربی: موضع بلیہ رپو تحصیل ملک
جنوبی: موضع بسو پورہ تحصیل ملک
شمالی: موضع دیوری علاقہ جدید تحصیل ملک

صابر علیخاں پسر محمد علیخاں و مسماۃ رفیق بیگم زوجہ صاحبزادہ اکبر علیخاں و مسماۃ حسینی بیگم زوجہ محمد فیض علیخاں دختران محمد علیخاں

مثل نمبر ۱۶ — درج ۹۰ رجسٹر

حکم

رپورٹ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط) — دستخط بندگان شاہی ادام اقبالہم و حکم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور ادام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — جناب عالی — بیر سانہ

اہل معاملہ کثرت سے ہائی کورٹ میں صاحب چیف جسٹس بہادر کے روبرو حلفنامہ پیش کر کے تصدیق کراتے ہیں۔ صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر نے کونسل میں تجویز پیش کی ہے کہ کسی وقت کسی حالت سے دروغ حلفی کا جرم سرزد ہوا اور نوبت قائمی مقدمہ دروغ حلفی کی پہونچی تو اس کے ثبوت میں دقت ہوگی۔ اس سے بغرض سہولت کار چیف رجسٹرار ہائی کورٹ کو جو رجسٹرار ی ہائی کورٹ کی خدمات بھی انجام دیتا ہے حلفنامہ اور وکالت نامہ کی تصدیق کا اختیار عطا فرمایا جائے۔

بحکم ہمایوں نمبر ۲۰ مئی ۱۹۳۱ء باستثناء ان کل احکامات جو متعلق تعدادات ہوں عام اس سے کہ وہ طلبی سمن یا دیگر کاغذات ہوں۔ صرف سمن۔ اطلاعنامہ۔ اشتہارات نوٹس وغیرہ پر رجسٹرار ہائی کورٹ کو "نار" یا "بحکم" دستخط کرنے کی اجازت عطا فرمائی گئی ہے۔ لیکن موجودہ صورت میں کونسل کو صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی تجویز سے اتفاق ہے ترمیم خواستدعی ہے کہ چیف رجسٹرار ہائی کورٹ کو حلفنامہ اور وکالت نامہ تصدیق کرنے کا اختیار بحکم ہمایوں سے عطا فرمایا جائے۔ والادب

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد۔

خاص

[illegible]

روبکار۔ مورخہ ۹ ستمبر ۱۹۳۳ء

جب ایماء ہمایوں کی اصلاح متعلقہ ذیل پنشنداران کی پنشنوں کا اجراء بہ دوام منظور ہے۔

بقدر اس رقم کے سبب پنشنداران میں توسیع کیجاتی:

نمبر شمار	نام پنشندار	تعداد پنشن اضافہ	کیفیت
۱	راجہ بھوانی سنگھ ولد راجہ پرتاپ سنگھ	[illegible] پنشن [illegible] الاونس	
۲	راجہ گلاب سنگھ ولد راجہ پران چند	[illegible] پنشن [illegible] الاونس	
۳	سید منظور علی صاحب	[illegible]	باقیات
۴	وارثان فرید الدین خان	[illegible] راجہ خاتون [illegible] نواب دولہا [illegible]	
۵	میجر عبد الکریم خان	[illegible]	

حکم ہوا کہ سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

بائی آرڈر

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

آرڈران کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل :- مورخہ ۷ ستمبر ۱۹۳۵ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷ ستمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات تصحیح رقم بجٹ منظور شدہ محکمہ جات ریاست بابت سال ۱۹۳۴-۳۵ء پیش ہوئے۔

اکاؤنٹنٹ آفس سے بجٹ منظور شدہ کی جانچ ہوکر مفصلہ ذیل میزانوں میں فرق پایا گیا۔ لہٰذا طے پایا کہ:-

بجٹہائے مندرجہ تحت کی میزانوں میں ایزادی اور تصحیح کردیجائے

(۱) بجٹ سررشتہ انسپکٹری مدارس کی میزان میں بروئے جانچ [illegible] زائد منظور ہوئے۔ یہ زائد رقم بجٹ مذکور کی مد خریداریاں و تمام چیزیں میں ایزاد کردیجائے۔

(۲) میزان بجٹ ہائے ہر دو نظامتہائے جنوبی و شمالی و سررشتہ تحصیلات بروئے جانچ محکمہ مال صحیح ہے بوجہ سہوکتابت محکمہ مال صحیح تحریر ہوئی ہے جو قابل تصحیح ہے

(۳) میزان بجٹ باورچیخانہ ہندوستانی خاصہ بروئے جانچ [illegible] صحیح ہے بوجہ سہوکتابت صرف ایک صفر کی کمی سے [illegible] تحریر ہوگئی ہے جسکی صحت کردیجائے

عمل مذکورہ بالا سے بجٹ ریاست کی جنرل میزان پر کوئی اثر نہیں پڑیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل :- مورخہ ۷ ستمبر ۱۹۳۵ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷ ستمبر ۱۹۳۵ء میں کاغذات بابت تقرر الاؤنس للعہ چار روپیہ ماہوار بہ حامد حسین خان کمپونڈر پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب سفارش صاحب پولیٹیکل سرجن بہادر حامد حسین کمپونڈر کی تنخواہ سے [illegible] روپیہ ماہوار سے حامد حسین خان کمپونڈر کو [illegible] سے تا واپسی حامد حسین پرورش چار روپیہ ماہوار الاؤنس دیا جاتا [illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریزیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل

داخلہ ۱۰ ستمبر ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ ستمبر ۱۹۳۴ء میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہوکر طے پایا کہ

احکام مندرجہ نقشہ منظور ہیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا مع نقل نقشہ منسلکہ برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر مورخہ ۲۸ اگست ۱۹۳۴ء لغایت ۳ ستمبر ۱۹۳۴ء

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	شفاخانہ صدر	کاغذات رخصت ایک ماہ ڈاکٹر ایس بی واحدی صاحب اسسٹنٹ سرجن	رخصت مطابق ایکماہ منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔	۳۰ اگست ۱۹۳۴ء	منظور ہے
۲	کمنٹونمنٹ	کاغذات منظوری اجرت اجیران کنٹونمنٹ تعدادی [illegible]	حسب تحریر [illegible] اجرت اجیران کی منظوری دیجاتی ہے کاغذات صاحب پاور ہاوس بہادر معتمد کی خدمت میں مرسل ہوں۔	"	"
۳	تعمیرات	منظوری تخمینہ اسٹور روم برائے مال روم وغیرہ متعلقہ عدالت تعدادی [illegible] و نیز دیے جانے بطور پیشگی نصف رقم تخمینہ منظور شدہ۔	سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل صاحب فائنینس سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو اور کاغذات بہ نقل حکم شامل ہوکر صاحب افسر بہادر تخمینہ مشین سپلیمنٹ ایک نقل کونسل میں پیش ہونیکے لئے صاحب سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔	"	"
۴	فرسٹ رامپور رسالہ انفنٹری	کاغذات رخصت یوم ایکماہ سکنڈ لفٹننٹ محمد جانخاں۔	رخصت ایکماہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں آئی آرڈر جاری کیا جائے۔	"	"

۵	اجلاس دیوانی (?)	کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت دو مرتبہ لکھمن لال اکاؤنٹنٹ۔	سلسلہ ملازمت دو مرتبہ برقرار کیا گیا منظور ہے شرح شدہ (?) احکام ضابطہ جاری ہوں۔	۲ ستمبر ۲۲ء	منظور ہے۔
۶	متعلقہ عملیات اکاؤنٹنٹ جنرل (?)	کاغذات در بارہ دیئے جانے چہرہ پور (?) سالانہ بہ خانساماں ابوالحسن وغیرہ	مطابق منظور شدہ بجٹ ۲۲-۱۹۲۱ء منظور ہے تاریخ منظوری سے عملدرآمد کیا جائے۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب فائننس سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔		